# NYC KiDS RiSE™ Save for College Program

## کالج کے لیے بچت پروگرام کیا ہے؟

NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) فیملیوں، اسکولوں اور کمیونٹیز کو ان کے بچے کے مستقبل کے لیے بچت کرنے اور سرمایہ کاری کرنے کے لیے ایک ساتھ کام کرنے کا طریقہ فراہم کرتا ہے۔

یہ ایک اسکالرشپ اور بچتوں کا پروگرام ہے جسے کالج اور کیریئر کی تربیت کو پبلک اسکول کے طلبہ کے لیے اور زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ پروگرام اس لیے تخلیق کیا گیا تھا تاکہ **NYC پبلک اسکول کا ہر طالب علم** بڑے خواب دیکھ سکے، کالج اور کیریئر کی تربیت کے لیے مالی اثاثے تیار کر سکے اور اس راہ میں کمیونٹی سے تعاون موصول کر سکے۔ NYC Kids RISE، جو ایک غیر منفعتی تنظیم ہے، کالج کے لیے بچت پروگرام کا نظم **نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYC Public Schools) اور سٹی آف نیو یارک کے اشتراک سے** کرتی ہے۔

## پروگرام کس طرح کام کرتا ہے؟

اہل بچوں کا **خود بخود اندراج ہوتا ہے اور انہیں ابتدائی ‎$100‎ کے ساتھ ایک مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) ملتا ہے** الّا یہ کہ ان کے والدین یا سرپرست حضرات شرکت نہیں کرنے کا انتخاب کریں اور آپٹ آؤٹ کریں۔ فیملیاں **اقدامات کو مکمل کر کے انعامات کی مد میں ‎$175‎ تک** کما سکتی ہیں اور **کمیونٹیز کمیونٹی اسکالرشپس** کی معرفت بچوں کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) کے گروپس میں **اضافی پیسے کا تعاون کر کے مدد کر سکتی ہیں**۔ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس کے لیے مختص کردہ فنڈز کی سرمایہ کاری ایک 529 اکاؤنٹ میں کی جاتی ہے جو شرکت کنندہ طلبہ کی جانب سے NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور زیر انتظام ہوتا ہے۔

اپنے بچوں کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ چالو کرنے کے بعد، فیملیاں اپنے بچے کے فائدے کے لیے ایک علیحدہ کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ کھول کر اسے مربوط کر سکتی ہیں جن کی وہ مالک ہوتی ہیں۔ پھر، وہ ان طریقوں سے اور اتنی رقوم میں پیسے کی بچت شروع کر سکتی ہیں جو ان کے مالی حالات کے لحاظ سے مناسب ہوں۔

## کون شرکت کرسکتا ہے؟

تعلیمی سال 2024-2025 تک، کسی NYC پبلک اسکولوں (بشمول شرکت کنندہ چارٹر اسکولز) میں **کنڈرگارٹن سے لے کر تیسرے گریڈ تک** کے پروگرام میں طلبہ شرکت کرنے کے اہل ہیں، **چاہے ان کی آمدنی یا ترک وطن کی حیثیت جو بھی ہو۔**

چونکہ یہ پروگرام پہلی بار 2017 میں جغرافیائی اسکول ڈسٹرکٹ 30 میں شروع کیا گیا تھا، لہذا 39 پائلٹ اسکولوں میں کنڈرگارٹن سے پانچویں گریڈ تک کا ہر طالب علم شرکت کرنے کا اہل ہے۔

## میں اپنے بچے کا مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کب چالو کر سکتا ہوں؟

### میرے بچے نے کنڈرگارٹن کی شروعات یا حال ہی میں NYC پبلک اسکول (یا شرکت کنندہ چارٹر اسکول) میں پہلے، دوسرے، یا تیسرے گریڈ کی شروعات پہلی بار کی

آپ اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ **جنوری 2025** میں چالو کر سکتے ہیں اور اسے دیکھ سکتے ہیں! آپ کے بچے کا اکاؤنٹ چالو کرنے کے لیے تیار ہونے پر آپ کا اسکول اور NYC Kids RISE آپ کو مطلع کریں گے۔

ابھی کے لیے، nyckidsrise.org پر پروگرام کے بارے میں مزید جانیں یا nyckr.org/events پر ورچوئل ورکشاپس میں شامل ہوں۔

### میرا بچہ فی الحال پہلے، دوسرے، یا تیسرے گریڈ میں ہے اور وہ پچھلے تعلیمی سال میں NYC پبلک اسکول (یا شرکت کنندہ چارٹر اسکول) میں زیر تعلیم تھے

**مبارک ہو!** اگر آپ نے پروگرام سے آپٹ آؤٹ نہیں کیا ہے تو آپ کے بچے کے پاس پہلے سے ایک مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ ہے جس میں **ابتدائی ‎$100‎** کالج اور کیریئر کی تربیت کے لیے موجود ہیں۔ ذیل کے اقدامات اختیار کر کے اکاؤنٹ چالو کریں اور اسے دیکھیں اور **ایک اضافی ‎$25‎** کمائیں۔

nyckr.org/st-register ملاحظہ کریں۔ اپنے بچے کا گھریلو زپ کوڈ، تاریخ پیدائش اور طالب والا شناختی نمبر درج کریں۔ پھر "جمع کریں" پر کلک کریں۔ آپ اپنے اسکول سے بھی تعاون طلب کر سکتے ہیں!

# اکثر و بیشتر پوچھے گئے سوالات

## 1. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کس چیز کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے؟

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں موجود رقم کی سرمایہ کاری 529 اکاؤنٹ میں کی جاتی ہے اور امریکہ میں اور بیرون ملک کسی بھی اہل ادارے میں اعلی تعلیم کے مختلف قسم کے اخراجات کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔ روایتی چار سالہ کالج اور یونیورسٹیوں کے علاوہ، اہل اداروں کی دیگر اقسام میں کمیونٹی کالجز، تجارتی اور حرفتی اسکول، اہل اپرنٹسشپ پروگرام اور آن لائن ڈگری پروگرام شامل ہیں۔ اسکالرشپ فنڈز کا استعمال ٹیوشن، فیس، ساز و سامان، کچھ قیام و طعام کے اخراجات اور حتی کہ درسی کتابوں کے لیے کیا جا سکتا ہے جن کا اکثر دیگر اسکالرشپس کے تحت احاطہ نہیں ہوتا ہے۔

## 2. امیگریشن کی حالت شرکت کرنے کی میری صلاحیت کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

یہ متاثر نہیں کرتی ہے! کالج کے لیے بچت پروگرام میں سبھی اہل طلبہ امیگریشن کی حالت سے قطع نظر شرکت کر سکتے ہیں۔ فیملیوں کے لیے اس پروگرام میں اپنے بچے کا اندراج کرانے اور NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ حاصل کرنے کے لیے کوئی سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number, SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN) فراہم کرنے کی ضرورت **نہیں** ہے۔

## 3. ہائی اسکول سے میرے بچے کے سند یاب ہونے سے پہلے اگر ہم اپنا موجودہ اسکول ڈسٹرکٹ چھوڑ دیتے ہیں تو میرے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ کا کیا ہوتا ہے؟

آپ کے بچے کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ موصول ہو جانے پر، انہیں اس اکاؤنٹ تک مسلسل رسائی حاصل ہوتی ہے چاہے وہ نیو یارک سٹی میں کسی دیگر پبلک ڈسٹرکٹ یا چارٹر اسکول میں منتقل ہو جائیں۔ آپ کا بچہ بھی شرکت کے ساتھ ملنے والے تمام فوائد کا بدستور اہل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ NYC پبلک اسکول سسٹم چھوڑ دیتا ہے تو آپ کا بچہ اب بھی اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں پہلے سے موجود فنڈ استعمال کر پائے گا، لیکن وہ کوئی اضافی انعامات کمانے کا اہل نہیں ہوگا۔

## 4. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کی ملکیت عوامی فوائد کے لیے اہلیت کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

چونکہ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور اس کے زیر انتظام ہیں، لہذا یہ اسکالرشپ اکاؤنٹ ہونے کا اثر عوامی فوائد کے لیے کسی طالب علم کی یا فیملی کی درخواست پر **نہیں** پڑتا ہے۔ اگر کوئی فیملی اپنے خود کے کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں رقم کی بچت کرتی ہے تو یہ اثاثہ مخصوص منفعتوں کو متاثر کر سکتا ہے۔

## 5. NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کی ملکیت مالی امداد کے لیے اہلیت کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

چونکہ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس NYC Kids RISE کی زیر ملکیت اور اس کے زیر انتظام ہیں، لہذا اکاؤنٹ میں یہ رقم ہونے کے دوران مالی امداد کے لیے طالب علم کی اہلیت پر اثر **نہیں** پڑتا ہے۔ جیسے جیسے آپ کا بچہ کالج اور کیریئر کی تربیت سے قریب تر ہوگا NYC Kids RISE اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گی کہ کس طرح آپ کے بچے کی تعلیم کے لیے اسکالرشپ اکاؤنٹ کا استعمال کرنا رقم خرچ ہونے کے بعد مالی امداد کے لیے ان کی اہلیت کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس کا کوئی اثر ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔ اگر کوئی فیملی اپنے خود کے کالج اور کیریئر کے لیے بچت اکاؤنٹ میں رقم کی بچت کرتی ہے تو یہ بچتیں طالب علم کی مالی امداد کے پیکیج کو متاثر کر سکتی ہیں۔

کالج کے لیے بچت پروگرام کے بارے میں مزید معلومات اور اضافی اکثر پوچھے گئے سوالات کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے، براہ کرم nyckr.org/faq ملاحظہ کریں۔

NYC KiDS RiSE™ | Save for College Program

**سوالات ہیں؟** اپنے بچے کے اسکول سے بات کریں یا NYC Kids RISE سے رابطہ کریں۔